18ویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف واہل حدیث کانفرنس

مورخہ ۱۲ اکتوبر ۲۰۰۱ء بمطابق ۲۴ رجب بروز جمعہ جامعہ کی 18 ویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف واہل حدیث کانفرنس بڑے اہتمام سے منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز مولانا ارشادالحق اثری کے خطبہ جمعہ سے ہوا۔ انہوں نے حجیت حدیث کے موضوع پر بڑا فاضلانہ خطبہ ارشاد فرمایا۔ نماز جمعہ کے بعد شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد یعقوب قریشی صاحب نے صحیح بخاری شریف کی آخری حدیث پر درس ارشاد فرمایا۔ نماز عصر کے بعد محقق العصر مولانا ارشادالحق اثری صاحب نے سیرت وفقاہتِ امام بخاری رحمہ اللہ کے عنوان پر مفصل خطاب فرمایا نماز عشاء کے بعد اہل حدیث کانفرنس سے مولانا قاری خالد مجاہد صاحب، مولانا حافظ محمد یونس آزاد، مولانا قاری عبدالمتین اصغر خطیب لاہور، مولانا محمد ارشد بیگم کوٹی، مولانا محمد اشرف اوکاڑوی اور مولانا حافظ شفیق الرحمٰن یزدانی خطیب مرید کے نے خطاب فرمایا۔ شاعر اسلام قاری ایوب صابر خطیب فیصل آباد نے اپنا تازہ کلام پیش کیا۔ جامعہ سے امسال سند فراغت اور امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء میں مولانا حافظ عبدالرزاق سعیدی مہتمم جامعہ رحمانیہ فاروق آباد نے قیمتی کتب بطور انعامات تقسیم کیں۔ کانفرنس میں علاقہ بھر سے بڑی تعداد میں جماعتی احباب نے قافلوں کی صورت میں شرکت کی۔ رات اڑھائی بجے دعائے خیر سے یہ پروگرام اختتام کو پہنچا۔

جامعہ اُثریہ للبنات کا 24واں سالانہ اجتماع

جامعہ اثریہ للبنات جہلم کا 24واں سالانہ اجتماع مورخہ ۶۔۷ اکتوبر بروز ہفتہ اتوار کو منعقد ہوا۔ امسال اجتماع انتہائی کامیاب ہوا۔ خواتین کے ذوق وشوق کی وجہ سے اجتماع ایک روز پیشتر جمعہ کی شب کو ہی شروع کرنا پڑا۔ اگلے روز صبح کی نشست میں بین المدارس والجامعات انعامی تقریری مقابلہ ہوا۔ جس میں ملک بھر سے طالبات نے حصہ لیا۔ اجتماع اتوار کی شام کو بخیر وخوبی دعائے خیر سے اختتام پذیر ہوا۔

جامعہ علوم اُثریہ کے سالانہ امتحانات، نتائج اور تعطیلات

مورخہ یکم نومبر (۱۴ شعبان) کو جامعہ کے شعبہ کتب کے سالانہ امتحانات ختم ہو گئے۔ اس سے اگلے روز مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں نماز جمعہ کے بعد سالانہ نتائج کا اعلان کر دیا گیا۔ اور امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلبہ میں رئیس الجامعہ نے انعامات تقسیم کئے۔

اس موقع پر سالانہ تعطیلات کا اعلان کیا گیا۔ جو مورخہ ۳ نومبر سے ۲۹ دسمبر بمطابق ۱۳ شوال تک ہوں گی۔ آئندہ تعلیمی سال ان شاءاللہ مورخہ ۳۰ دسمبر ۲۰۰۱ء بمطابق ۱۴ شوال ۱۴۲۲ھ سے شروع ہوگا۔